## سازشی عناصر کراچی کا امن خراب کرکے ملک کو غیر مستحکم کرنا چاہتے ہیں، الطاف حسین

## ایم کیوایم کے پرعزم کارکنان اپنے اصولوں پر چلتے ہوئے پاکستان کی سلامتی وبقاء کیلئے اپنا کردارادا کرتے رہیں گے

## بلوچ عوام، ہمارے بھائی ہیں اور ایم کیوایم بلوچ عوام کے خلاف نہیں بلکہ گینگ وار کے ان جرائم پیشہ عناصر کے خلاف ہے

## لیاری کے غیور بلوچ عوام کو چاہئے کہ وہ مظلوم عوام کو آپس میں لڑانے کی سازش سے ہوشیار رہیں

## بلوچ عوام ان شرپسند عناصر کی سازشوں میں ہرگز نہ آئیں جو گینگ وار کے جرائم پیشہ عناصر کی

## مجرمانہ سرگرمیوں پر پردہ ڈالنے کیلئے لسانی فسادات کی سازش کررہے ہیں

## عزیز آباد میں ایم کیوایم کے تمام شعبہ جات کے ذمہ داران کے اجلاس سے ٹیلی فون پر گفتگو

لندن۔۔۔12، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم، ملک بھر کی مظلوم قومیتوں کے حقوق کی جدوجہد کررہی ہے اور ایم کیوایم کو مظلوم عوام کے حقوق کی جدوجہد سے بازرکھنے کیلئے ایک منظّم سازشی منصوبہ کے تحت کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازش کی جارہی ہے۔سازشی عناصر کراچی کا امن خراب کرکے ملک کو غیر مستحکم کرنا چاہتے ہیں لیکن انشاءاللہ ایم کیوایم کے پرعزم کارکنان اپنے اصولوں پر چلتے ہوئے پاکستان کی سلامتی وبقاء کیلئے اپنا کردارادا کرتے رہیں گے۔ یہ بات انہوں نے پیر کے روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کے تمام شعبہ جات کے ذمہ داران اور کارکنان کے اجلاس سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔

جناب الطاف حسین نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایک خاص سازشی منصوبہ بندی کے تحت کراچی میں فسادات کی سازش کی جارہی ہے اور اسے لسانی رنگ دیکر مظلوم بلوچ عوام کو ایم کیوایم سے بدظن کرنے کی گھناؤنی کوشش کی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچ عوام، ہمارے بھائی ہیں اور ایم کیوایم بلوچ عوام کے خلاف نہیں بلکہ گینگ وار کے ان جرائم پیشہ عناصر کے خلاف ہے جو بے گناہ شہریوں کے قتل، اغواء برائے تاوان کی وارداتوں اور منشیات فروشی میں ملوث ہیں اور جنہوں نے لیاری کے غریب اور محنت کش عوام کی زندگی اجیرن کررکھی ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچ عوام پر مظالم کے خلاف اور ان کے حقوق کیلئے ایم کیوایم اور سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال نے جو کردار ادا کیا ہے وہ ملک بھر کے عوام کے سامنے ہے۔ایم کیوایم بلوچ عوام کے حقوق کیلئے آواز اٹھاتی رہی ہے اور آئندہ بھی اٹھاتی رہے گی۔انہوں نے کہا کہ لیاری کے غیور بلوچ عوام کو چاہئے کہ وہ مظلوم عوام کو آپس میں لڑانے کی سازش سے ہوشیار رہیں اور ان شرپسند عناصر کی سازشوں میں ہرگز نہ آئیں جو گینگ وار کے جرائم پیشہ عناصر کی مجرمانہ سرگرمیوں پر پردہ ڈالنے کیلئے لسانی فسادات کی سازش کررہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ پاکستان سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ اور غریب ومتوسط طبقہ کی قیادت کے انقلاب کیلئے ایم کیوایم کی جدوجہد سے متاثر ہوکر ملک بھر کے عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہورہے ہیں جس کے باعث جاگیردارانہ نظام کے پروردہ عناصر شدید خوف کا شکار ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم، ملک بھر کے مظلوم سندھی، بلوچ، پختون، پنجابی، سرائیکی، کشمیری، ہزاروال، گلگتی اور بلتستانی عوام کے حقوق کی جدوجہد کررہی ہے اور ایم کیوایم کو مظلوم عوام کے حقوق کی جدوجہد سے بازرکھنے کیلئے ایک منظّم سازشی منصوبہ کے تحت کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازش کی جارہی ہے۔سازشی عناصر کراچی کا امن خراب کرکے ملک کو غیر مستحکم کرنا چاہتے ہیں لیکن انشاءاللہ ایم کیوایم کے پرعزم کارکنان اپنے اصولوں پر چلتے ہوئے پاکستان کی سلامتی وبقاء کیلئے اپنا کردارادا کرتے رہیں گے، ملک بھر کے مظلوم عوام کا اتحاد کامیاب ہوگا اور ملک وقوم کے خلاف کی جانے والی ہر سازش ناکام ہوگی۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران اور کارکنان کو ہدایت کی کہ وہ کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازش اور اس کے پس پردہ مذموم عزائم سے عوام کو آگاہ کریں، عقل وشعور اور صبر وتحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے مظلوم عوام کے اتحاد سے کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازش کو ناکام بنادیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ماضی میں بھی ایم کیوایم کے خلاف تمام سازشیں ناکام ہوئیں اور انشاءاللہ ایم کیوایم کی پرامن جدوجہد سے شہر کا امن تباہ کرنے کی یہ سازش بھی ناکام ثابت ہوگی اور ملک میں غریب ومتوسط طبقہ کا انقلاب ضرور آئے گا۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن جاوید کاظمی کے چھوٹے بھائی سید عامر حسین کاظمی آج صبح کراچی میں انتقال کر گئے

## سید عامر حسین کاظمی مرحوم کافی عرصہ سے پسلیوں کے عارضہ میں مبتلا تھے

## عامر حسین کاظمی مرحوم کا جنازہ آج بعد نماز عصر انکی رہائش گاہ واقع L-261 پاک کوثر ٹاؤن کھوکھراپار نمبر 2 سے اٹھایا جائے گا

کراچی ۔۔۔12، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید جاوید حسین کاظمی کے چھوٹے بھائی سید عامر حسین کاظمی آج صبح کراچی میں انتقال کر گئے ۔سید عامر حسین کاظمی مرحوم کافی عرصہ سے پسلیوں کے عارضہ میں مبتلا تھے ۔رات کو انکی طبیعت زیادہ خراب ہوئی ۔انہیں ملیر کے مقامی اسپتال لے جایا گیا لیکن وہ جانبر نہ ہوسکے اور خالق حقیقی سے جاملے ۔سید عامر حسین کاظمی مرحوم کی عمر 38 سال تھی اور وہ شادی شدہ تھے ۔سید عامر حسین کاظمی مرحوم کا جنازہ آج بعد نماز عصر کھوکھراپار سے انکی رہائش گاہ واقع L-261 پاک کوثر ٹاؤن کھوکھراپار نمبر 2 سے اٹھایا جائے گا اور تدفین مقامی قبرستان میں ہوگی ۔واضح رہے کہ رابطہ کمیٹی کے رکن سید جاوید حسین کاظمی کئی برسوں سے لندن میں مقیم ہیں ۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن جاوید کاظمی کے چھوٹے بھائی سید عامر حسین کاظمی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

## جاوید کاظمی سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان، تمام شعبہ جات اور ونگز کے ارکان کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔12، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید جاوید حسین کاظمی کے چھوٹے بھائی سید عامر حسین کاظمی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے ۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے جاوید کاظمی اور ان کے تمام اہل خانہ سے ان کے بھائی عامر حسین کاظمی کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سید عامر حسین کاظمی مرحوم کی مغفرت فرمائے ،انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے ۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے تمام ارکان اور ایم کیوایم کے تمام شعبہ جات اور ونگز کے تمام ارکان نے بھی جاوید کاظمی سے ان کے چھوٹے بھائی عامر حسین کاظمی کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ عامر حسین کاظمی مرحوم کی مغفرت فرمائے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے ۔

## رابطہ کمیٹی کے رکن سید جاوید حسین کاظمی کے بھائی سید عامر حسین کاظمی مرحوم کو سعود آباد قبرستان میں سپردخاک، سوئم جمعرات کو ہوگا

## نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی، منتخب حق پرست عوامی نمائندوں، ایم کیوایم کے ذمہ داران کی شرکت

## آنسہ ممتاز انوار اور شعبہ خواتین کی ذمہ داران کی مرحوم کے گھر جاکر سوگواران سے تعزیت

کراچی ۔۔۔12، جنوری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید جاوید حسین کاظمی کے چھوٹے بھائی سید عامر حسین کاظمی کو سعود آباد قبرستان ملیر میں سپردخاک کر دیا گیا ۔مرحوم کی نماز جنازہ بعد نماز عصر مصطفیٰ مسجد پاک کوثر ٹاؤن کھوکھراپار میں ادا کی گئی ۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائمخانی ،رابطہ کمیٹی کے اراکین سلیم تاجک، کیف الوریٰ، نیک محمد، حق پرست وزراء عبدالرؤف صدیقی، شیخ محمد افضل، خالد بن ولایت، نثار پنہور، صوبائی مشیر خواجہ اظہار الحسن، اراکین قومی وصوبائی اسمبلی ساجد احمد، وسیم احمد، نشاط محمد ضیاء، ٹاؤن ناظمین واسع جلیل، ندیم راضی، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین، کونسلرز، کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج واراکین، ملیر اور لانڈھی سیکٹر کمیٹی کے ارکان، علاقائی یونٹس کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی ۔ دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی رکن آنسہ ممتاز انوار اور شعبہ خواتین کی ذمہ داران نے رابطہ کمیٹی کے رکن سید جاوید کاظمی کے چھوٹے بھائی سید عامر حسین کاظمی کے انتقال پر مرحوم کی رہائشگاہ جاکر مرحوم کی سوگوار اہل خانہ سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور مرحوم کی مغفرت کیلئے فاتحہ خوانی کی ۔علاوہ ازیں مرحوم کا فاتحہ سوئم جمعرات 14 جنوری بعد نماز ظہر مصطفیٰ مسجد پاک کوثر ٹاؤن میں ہوگا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی ۔واضح رہے کہ رابطہ کمیٹی کے رکن سید جاوید حسین کاظمی کئی برسوں سے لندن میں مقیم ہیں ۔

## کراچی میں جرائم پیشہ عناصر کے ذریعے مذموم عزائم کی تکمیل کرنے کا عمل ملک وقوم کیلئے زہر قاتل ہے، ارکان قومی اسمبلی

## ایم کیوایم ملک بھر کی تمام مظلوم قومیتوں کے حقوق کے حصول کی عملی جدوجہد کررہی ہے، سردار، جاگیردار وڈیرے خائف ہیں

## کراچی میں جرائم میں ملوث مختلف قومیتوں کے افراد کی سرپرستی اوران کے ذریعے قتل وغارتگری کرواکر شہر کے امن کوتباہ کرنے کی کئی بار سازشیں کی جاچکی ہیں

## شہر کراچی میں امن دشمن عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے، سیاسی مصلحتوں کے بجائے عوامی خواہشات کا احترام کیا جائے

کراچی۔۔۔12،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ ایم کیوایم پرامن جماعت ہے اور ملک بھر کی تمام قومیتوں کے حقوق کے حصول کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور مظلوم قومیتوں کے حقوق کی عملی جدوجہد کوسبوتاژ کرنے کیلئے ملک بھر بالخصوص شہر کراچی میں نت نئی سازشوں کے تانے بانے بنے جاتے ہیں جنہیں ایم کیوایم ماضی میں عوام کے اتحاد سے ناکام بناتی آئی ہے اور آئندہ بھی کوئی سازش مظلوم قومیتوں کے حقوق کی جدوجہد سے ایم کیوایم کو باز نہیں رکھ سکتی۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ سیاسی ومذہبی جماعتوں اوراسٹیبلشمنٹ میں شامل جاگیردار، وڈیرے، سرداراور سرمایہ دار ایم کیوایم سے خائف ہیں اور وہ ایم کیوایم کی جدوجہد میں رکاوٹیں ڈالنے کیلئے شہر کراچی میں جرائم میں ملوث مختلف قومیتوں کے افراد کی سرپرستی اوران کے ذریعے قتل وغارتگری کرواکر شہر کے امن کوتباہ کرنے کی کئی بار سازشیں کرچکے ہیں لیکن الحمداللہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی سیاسی بصیرت اورعوام سے کی جانے والی صبر کی اپیلوں پر ضبط کا مظاہرہ اس لئے کیا جاتا ہے کہ ایم کیوایم شہر کراچی کی نمائندہ جماعت ہے اور یہاں سازشی عناصر قتل وغارتگری کرکے شہر میں ترقیاتی کاموں کو ملیامیٹ کرنا چاہتے ہیں اور شہر کا امن تباہ کرکے اپنی اجارہ داری قائم کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم شہر میں امن دیکھنا چاہتی ہے اور لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا اور جرائم پیشہ عناصر کی سرپرستی کرنے والوں کو متنبہ کرتی ہے کہ وہ جرائم پیشہ دہشت گردوں کے ذریعے اپنے عزائم کی تکمیل کرنے کا جوعمل کررہے ہیں وہ ملک وقوم کیلئے زہر قاتل ہے۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک اور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ شہر کراچی میں امن دشمن عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے، سیاسی مصلحتوں کے بجائے عوامی خواہشات کا احترام کیا جائے، لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا اور جرائم پیشہ عناصر کی سرپرستی کا سلسلہ بند کراکر شہر میں امن اور خوشحالی کو فروغ دینے کیلئے عملی نوعیت کے اقدامات کئے جائیں۔

## لیاری میں گینگ وار کے دہشت گردوں کی سرپرستی کرکے ایم کیوایم اور بلوچ قوم کے درمیان غلط فہمیاں پیدا کی جارہی ہیں، آرگنائزر بلوچستان محمد یوسف شاہوانی

## لیاری کے مظلوم بلوچ عوام نہیں بلکہ لینڈ مافیا اور ڈرگ مافیا متحدہ قومی موومنٹ کے کارکنان اور بے گناہ شہریوں کے قتل میں ملوث ہے

کوئٹہ۔۔۔12،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ بلوچستان کے آرگنائزر محمد یوسف شاہوانی اور آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے کہا ہے کہ کراچی کے قدیم علاقے لیاری میں گینگ وار کے دہشت گردوں کی سرپرستی کرکے ایم کیوایم اور بلوچ قوم کے درمیان غلط فہمیاں پیدا کی جارہی ہیں اور لیاری سے جرائم کی دنیا کو وسعت دیکر شہر کے دیگر علاقوں پر قبضہ کی سازش کی جارہی ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ لیاری کے واقعات میں ایم کیوایم کے کارکنان، ہمدردوں اور بے گناہ جانوں کے ضیاع پر قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم غمزدہ ہے اور جوعناصر لیاری کے غیور عوام کو گینگ وار کے دہشت گردوں کے رحم وکرم پر چھوڑ رہے ہیں وہ گینگ وار کی کھلی سرپرستی کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لیاری میں نسل درنسل گینگ وار کے دہشت گردوں کی قتل وغارتگری سے سب آگاہ ہیں اوران دہشت گردوں کے اڈے لیاری سے ختم کرنے کے بجائے الٹا لیاری کوان کے رحم وکرم پر چھوڑنے والے اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کا عمل کررہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ لیاری کے مظلوم بلوچ عوام نہیں بلکہ لینڈ مافیا اور ڈرگ مافیا متحدہ قومی موومنٹ کے کارکنان اور بے گناہ شہریوں کے قتل میں ملوث ہے اوراس کھلی دہشت گردی کے باوجود ایم کیوایم پر ہی تنقید سمجھ سے بالاتر ہے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ہمیشہ بلوچستان کے عوام کے حقوق کیلئے آواز بلند کی ہے، بلوچ نوجوانوں کے قتل، بلوچستان کی صوبائی خودمختاری اور بلوچستان کے ساتھ ناانصافیوں کے ازالے کے خاتمے کیلئے ہرسطح پر آواز بلند کی ہے اورعملی جدوجہد کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے تعلیم یافتہ اور باشعور عوام قائد تحریک الطاف حسین کی مظلوم بلوچ قوم کے لئے خدمات سے واقف ہیں اور انشاءاللہ متحدہ قومی موومنٹ ہی بلوچستان کے عوام کوان کے حقوق دلائے گی۔

## ایم کیوایم اپر پنجاب زونل کمیٹی کا اعلان بدھ کے روز راولپنڈی میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس میں کیا جائے گا

اسلام آباد۔۔۔12،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے تنظیم نو کے سلسلے میں اپر پنجاب زونل کمیٹی کا اعلان 13،جنوری بدھ کوراولپنڈی میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس میں کیا جائے گا۔جنرل ورکرز اجلاس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین،حق پرست وفاقی وزراء،حق پرست اراکین اسمبلی،مقامی ذمہ داران اور کارکنان بڑی تعداد میں شرکت کریں گے۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین سیف یار خان اور افتخار اکبر رندھاوا نے جلسہ گاہ کا دورہ کیا اور جنرل ورکرز اجلاس کے انتظامات کا جائزہ لینے کے بعد انہیں حتمی شکل دی۔

## ایم کیوایم محمود آباد اور ملیر سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔12،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم محمود آباد سیکٹر کے کارکن اکرام الدین کے والد حاجی اسلام الدین اور ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 96 کے کارکن سلیم بادشاہ کے بھائی محمد الیاس کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم ناظم آباد سیکٹر کے شہید کارکن سید اخلاق احمد شہید کا فاتحہ سوئم

کراچی۔۔۔12،جنوری2010ء

ناظم آباد میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں شہید ہونیوالے ایم کیوایم ناظم آباد سیکٹر کے کارکن سید اخلاق احمد شہید کا فاتحہ سوئم آج بعد نماز ظہر شہید کی رہائشگاہ پر ہوا جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی گئی اور شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔فاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید شعیب احمد بخاری،حق پرست رکن سندھ اسمبلی ریحان ظفر،لیاقت آباد ٹاؤن کے حق پرست ناظم اسامہ قادری،یوسی ناظمین،نائب یوسی ناظمین،کونسلرز،کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان،سیکٹر کمیٹی کے ارکان،علاقائی یونٹس کے ذمہ داران،کارکنان ہمدردوں اور اخلاق احمد شہید کے عزیز و اقارب نے بڑی تعداد شرکت کی اور شہید کی مغفرت ان کے بلند درجات کیلئے فاتحہ خوانی کی۔

☆☆☆☆☆